© rasailojaraid.com



# روشنی

نور روزِ اولیں عرشِ علاء کی روشنی
تھی حقیقت میں محمد مصطفیٰ کی روشنی

راہبر میں نے بنالی میری راہبر بن گئی
رحمت للعالمیں صلِ علیٰ کی روشنی

آپ محبوب خدا ہیں آپ ممدوحِ خدا
کوہِ فاراں کی صدا غارِ حرا کی روشنی

ربِ تعالیٰ اور ملائک کی زباں پر ہے درود
دونوں عالم میں ہے ذکرِ مصطفیٰ کی روشنی

آپ ہیں فخر زمین و آسماں یا مصطفیٰ
نورِ ذاتِ کبریا رب کی رضا کی روشنی

با ادب ذکرِ درودِ پاک کیجئے شوق سے
نعت ہے سرکار کی ذکرِ خدا کی روشنی

چاند میں سورج میں اور فطرت کے نظاروں میں ہے
سرورِ کون و مکاں صلِ علیٰ - کی روشنی

یہ ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ بھی
روشنی ہیں مصطفیٰ کی مصطفیٰ کی روشنی

گھپ اندھیری قبر میں محمود کو درکار ہے
عرش والے فرش والے مصطفیٰ کی روشنی

محمود قریشی دہلوی کراچی

© rasailojaraid.com